Shabbir / Tausif

07-11-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

1- مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت نے مصنوعی ذہانت کیلئے دنیا کی ایپلیکشن راجدھانی بننے پر توجہ دی ہوئی ہے۔

2- بھارت نے 93 ارب 50 کروڑ یورو کے اہم تحقیقاتی پروگرام میں شامل ہونے کے لئے یوروپی یونین کے ساتھ مذاکرات مکمل کرلیے ہیں، جس سے سائنسی اشتراک کو فروغ حاصل ہوگا۔

3- مرکز نے آیوشمان بھارت اسکیموں پر کی گئی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اُس نے کوالٹی حفظانِ صحت کی فراہمی میں وسعت لانے اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو اختیار کرنے کے عمل میں تیزی لانے پر زور دیا ہے۔

4- مقدس شہر ایودھیا میں آج شام دیپ اُتسو کی تیاریاں تیز کردی گئی ہیں۔ 30 لاکھ سے زیادہ مٹی کے دیئے روشن کیے جائیں گے۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

5- ریلوے کا محکمہ تہوار کے دنوں میں لوگوں کی زیادہ تعداد کے پیشِ نظر ریل گاڑیوں کا بندوبست کرے گا۔ 18 ہزار خصوصی ریل گاڑیاں چلائی جا رہی ہیں اور AI سے لیس 700 کیمرے سیکیورٹی کے طور پر نصب کیے گئے ہیں۔

6- CBSE نے 2027 کے بورڈ امتحان کی تاریخوں کا اعلان کردیاہے ۔ 10 ویں اور 12 جماعت کے امتحانات 16 فروری سے شروع ہوں گے۔

7- مردوں کی کرکٹ میں ویلنگٹن میں بھارت اور میزبان نیو زیلینڈ کے درمیان دوسرا ODI بارش کی وجہ سے تاخیر سے شروع ہو رہا ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Vaishnaw AI'

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت نے، دنیا کے مصنوعی ذہانت AI کا Application Capital بننے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

نئی دلی میں گل نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ ملک زراعت، حفظانِ صحت اور تعلیم سمیت اہم شعبوں میں مصنوعی ذہانت کے استعمال میں وسعت لانے کی جانب کام کر رہا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارتی صنعتیں AI پر مبنی ایپس تیار کرنے میں خاطر خواہ پیشرفت کر رہی ہیں۔

AI سرمایہ کاری کے مستقبل کے بارے میں تشویش کے دوران ٹیکنالوجی کے ذخیروں میں، عالمی سطح پر حالیہ گراوٹ پر سوالوں کے جواب میں جناب ویشنو نے کہا کہ AI صنعت ایک تیزی سے بدلتی ہوئی اور غیر یقینی صورتحال سے گزر رہی ہے۔

انھوں نے کہا کہ بھارت، مختلف شعبوں میں AI کے استعمال میں اضافے اور Application تیار کرنے پر توجہ دے رہا ہے، جس سے بڑے پیمانے پر تبدیلی لائی جا سکے۔

وزیر موصوف Semicon دوئم ویب ایپلی کیشن پورٹل کے آغاز کی تقریب سے الگ اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ x

India Horizon Europe Talks

بھارت اور یوروپی یونین نے، بھارت کے، Horizon Europe کے ساتھ اتحاد کے بارے میں مذاکرات کامیابی کے ساتھ مکمل کیے، جو اِس بلاک کا 93 ارب 50 کروڑ یورو کا ایک اہم تحقیق و اختراع کا فنڈنگ پروگرام ہے۔ تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Rishu

Horizon Europe پروگرام میں، حفظانِ صحت مصنوعی ذہانت AI، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، خلا، آب و ہوا، توانائی اور صنعتی ترقی جیسے شعبے شامل ہیں۔ یوروپی کمیشن نے کہا کہ یہ معاہدہ، بھارت-یوروپی یونین تعلقات کی راہ میں ایک اہم سنگِ میل ہے اور اِس سے سائنسی تعاون مستحکم ہوگا، تحقیق کے نئے موقعے فراہم ہوں گے اور اُن کی دفاعی شراکت داری میں گہرائی پیدا ہوگی۔ Horizon Europe میں فی الحال 23 منسلک غیر EU ممالک شامل ہیں، جن میں برطانیہ، کینیڈا اور جاپان سے لے کر جنوبی کوریا اور سوئٹزر لینڈ تک شامل ہیں۔ اِس اتحاد سے بھارتی ادارے، یوروپی یونین سے براہِ راست مدد حاصل کر سکیں گے اور اِس سے بھارتی سائنسدانوں کو بڑے بین الاقوامی تحقیقاتی پروجیکٹوں میں قائدانہ کردار ادا کرنے اور تال میل رکھنے کا موقع ملے گا۔

انھیں یہ موقع، شامل کیے گئے شعبوں میں یوروپی یونین رکن ملکوں میں تنظیموں کو دستیاب شرائط کی طرز پر مل سکے گا۔

رِشو جیسوال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

Centre Healthcare Schemes

صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت کے تحت قومی صحت اتھارٹی نے حفظانِ صحت کے دو اقدام کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ یہ دو اقدام ہیں : آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیا یوجنا AB PM-JAY اور آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن ABDM۔ اِن پروگراموں میں مستفیدین کے بیمے میں اضافے حفظانِ صحت کی سہولیات کی فراہمی میں بہتری، مالی تحفظ کو مضبوط بنانے اور ڈیجیٹل صحت خدمات اپنائے جانے کے عمل میں تیزی لانے پر توجہ دی گئی ہے۔

جائزے کی دو روزہ قومی میٹنگ میں جو گل کولکتہ میں اختتام پذیر ہوئی، ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے سینئر افسران یکجا ہوئے جس کا مقصد اِن دونوں اسکیموں پر کی گئی پیشرفت کا جائزہ لینا اور اِن پر عمل درآمد کے اگلے مرحلے کی ترجیحات پر بات چیت کرنا تھا۔

میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے صحت کی قومی اتھارٹی کے CEO ڈاکٹر سنیل کمار Barnwal نے کہا کہ اِن اسکیموں پر عمل درآمد کے اگلے مرحلے میں بیمے میں اضافے سے زیادہ آگے تک کام کیا جائے اور مستفیدین کے لئے بہتر کوالٹی کے حفظانِ صحت کو یقینی بنانے پر توجہ دی جائے۔

NHAI-Toll Plaza

قومی شاہراہوں کی بھارتی اتھارٹی نے چار لین اور زیادہ چوڑی قومی شاہراہوں پر Toll پلازہ کے بنیادی ڈھانچے اور ڈیزائن کو یکساں معیار کے مطابق بنانے کیلئے رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔

ایک بیان میں سڑک ٹرانسپورٹ اور قومی شاہراہوں کی وزارت نے کہا کہ یہ رہنما خطوط اِس بات کو یقینی بنائیں گے کہ قومی شاہراہوں کے آئندہ اور جاری منصوبوں میں کثیر لین پر بلا رکاوٹ آمدورفت پر مبنی بغیر رکے Toll وصولی کے نظام کی سہولت موجود ہے، جس کے تحت گاڑیاں بغیر رکے ٹول پلازہ سے گزر سکیں گی۔

اِس اقدام کا مقصد، ٹول پلازہ پر بھیڑ اور انتظار کے وقت کو ختم کرنے کے ساتھ ایندھن کی کھپت کو کم کرنا اور قومی شاہراہوں پر سفر کو زیادہ محفوظ اور رکاوٹ سے آزاد بنانا ہے۔x

Ayodhya Deepotsav

اترپردیش ایودھیا میں، آج 10 ویں دیپ اُتسو کے منائے جانے کی تیاریاں مکمل ہیں۔

Song

روشنیوں کے تہوار دیوالی کے موقعے پر پوتر شہر میں 30 لاکھ سے زیادہ مٹی کے دیے روشن کیے جائیں گے۔

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، تقریبات میں شرکت کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران نائب صدر شری رام جنم بھومی مندر میں پوجا ارچنا کریں گے اور بھگوان شری رام علامتی راجیہ ابھیشیک میں بھی شرکت کریں گے۔x

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Sushil

اترپردیش کے سیاحت کے وزیر جے ویر سنگھ ساکیت مہا وِدیالیہ سے آج صبح دس بجے ایک شاندار روایتی یاترا کو روانہ کریں گے۔ 35 ہزار رضاکاروں نے، تقریبات کے اہم مقام 'رام کی پیڑی' پر 30 لاکھ مٹی کے دیے سجائے ہیں۔ دیوں کی گنتی کل مکمل کرلی گئی تھی جبکہ اُن میں تیل اور بتی ڈالنے کا کام آج صبح سے شروع ہوگیا ہے۔

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن تقریبات میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔ گورنر آنندی بین پٹیل کئی ممالک کے سفارتکار اور دیگر معزز مہمان بھی اِس موقعے پر موجود ہوں گے۔

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

VP Diwali Lighting

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے اُپ راشٹرپتی بھون کے بیرونی حصے کو روشن کرنے کیلئے حال ہی میں تنصیب کیے گئے لائٹنگ سسٹم کا افتتاح کیا۔ یہ لائٹنگ سسٹم شمسی توانائی کے گرڈ پر مبنی ہے، جس سے سرکاری بنیادی ڈھانچے میں بار بار استعمال ہونے والی توانائی کا نظام اپنائے جانے کی عکاسی ہوتی ہے۔

نئ دلی میں، بار بار استعمال ہونے والی توانائی سے متعلق سمٹ اور ایکس پو 2026 کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر نے بار بار استعمال ہونے والی توانائی کے شعبے میں بھارت کی حصولیابیوں کا ذکر کیا گیا تھا۔ x

Vaishnaw Railway

ریلوے کی وزارت نے دیوالی اور چھٹھ تہواروں کے دوران مسافروں کی زبردست بھیڑ بھاڑ کے بندوبست کیلئے تیاریوں میں اضافہ کردیا ہے۔ ریلوے آمدروفت کے دوران مسافروں کی کثیر تعداد کے بندوبست کے حصے کے طور پر ریلوے کی وزارت 18 ہزار خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہی ہے۔

اِس کے علاوہ اہم ریلوے اسٹیشنوں پر AI سے لیس کیمرے نصب کیے گئے ہیں اور ریلوے حفاظتی فورس کے اضافی اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ ریلوے کے وزیر جناب اشونی ویشنو نے کل شام نئ دلی ریلوے اسٹیشن کا معائنہ کرتے ہوئے یہ انکشاف کیا۔ جناب ویشنو نے کہا کہ نئ دلی ریلوے اسٹیشن سے اوسطاً یومیہ پانچ لاکھ مسافر سفر کرتے ہیں، جبکہ خاص موقعوں پر، یہ تعداد آٹھ لاکھ سے تجاوز کر جاتی ہے۔

Byte : Ashwani Vaishnaw

جناب ویشنو نے مزید کہا کہ مسافروں کی آمدروفت کی نگرانی اور بھیڑ بھاڑ سے نمٹنے کے انتظامات کو مؤثر طریقے سے انجام دینے کیلئے نئ دلی ریلوے اسٹیشن پر سات سو AI سے لیس کیمرے نصب کیے گئے ہیں۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

CBSE Datesheet

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے دسویں اور بارہویں جماعت کے 2027 کے بورڈ امتحانات کی Datesheet جاری کردی ہے۔ دونوں جماعتوں کے بورڈ امتحانات اگلے سال 16 فروری کو صبح ساڑھے دس بجے سے شروع ہوں گے۔

بورڈ کی جانب سے جاری کیے گئے باضابطہ ٹائم ٹیبل کے مطابق، دسویں جماعت کے امتحانات 9 مارچ کو ختم ہوں گے، جبکہ بارہویں کے امتحانات 9 اپریل تک جاری رہیں گے۔

نوٹیفکیشن کے مطابق، دسویں جماعت کے طلبا 83 مضامین میں، جبکہ بارہویں جماعت کے طلبا 121 مضامین میں امتحانات دیں گے۔

بورڈ نے کہا ہے کہ Datesheet کو پورے احتیاط کے ساتھ تیار کیا گیا ہے تاکہ مضامین کے 40 ہزار Combination والے اِن امتحانات کے دوران طلبا کو تاریخوں کے ٹکراؤ جیسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔x

OMC E20 Fuel

سرکاری شعبے کی تین تیل مارکیٹنگ کمپنیوں، انڈین آئل کارپوریشن لمیٹڈ، بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ اور ہندوستان پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ نے وضاحت کی ہے کہ ملک بھر میں اُن کی طرف سے سپلائی کیا جانے والا E20 پیٹرول، بھارتی معیارات کے بیورو کی اُن خصوصیات کے مطابق ہے، جو ایتھنول کے امتزاج والی موٹر گیسولین کے لئے بیان کی گئی ہیں۔

یہ وضاحت کرناٹک سرکار کے، خوراک اور تقسیمِ عامہ، صارفین کے امور اور قانونی میٹرولوجی کے محکمے کی طرف سے جاری کی گئی ایک پریس ریلیز کے بعد کی گئی ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ریاست میں کچھ خردہ جگہوں پر، جو پیٹرول فروخت کیا جا رہا ہے، اُس میں 26 سے 31 فیصد تک ایتھنول ہے۔x

POJK Violence

پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے Rawalakot میں مظاہرین کے خلاف شروع کی گئی پاکستان سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے بعد امن و امان کی صورتحال مزید خراب ہوگئی ہے۔ اِس کارروائی میں کئی شہری ہلاک ہوئے ہیں اور سینکڑوں زخمی ہوگئے ہیں۔

جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی جانب سے لگائے گئے مظاہرین کے کیمپ کو سکیورٹی اہلکاروں کے ذریعے ہٹائے جانے کے دوران عمر فاروق چوک کے قریب تشدد پھوٹ پڑے۔ یہ کیمپ لوگوں کے دیرینہ سیاسی اور اقتصادی مطالبات کی قیادت کررہا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق، سکیورٹی فورسز نے مظاہرین پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں کئی لوگ ہلاک ہوگئے، جبکہ بہت سے مظاہرین زخمی ہوگئے۔×

US New Chief of Staff

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسٹیفن ملر کو وہائٹ ہاؤس کے نئے چیف آف اسٹاف کے طور پر مقرر کیا ہے۔ جناب ملر سخت گیر امیگریشن پالیسیاں وضع کرنے کے تعلق سے جانے جاتے ہیں۔ امریکی وسط مدتی انتخابات میں ریپبلکن پارٹی کو کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اکثریت سے محروم ہونے کے بعد، جناب ملر کا اِس عہدے پر تقرر کیا گیا ہے۔

Susie Wiles کے ذریعے اپنے عہدے سے دستبردار ہونے کے بعد جناب ملر اُن کی جگہ لیں گے۔ صدر ٹرمپ نے Susie Wiles کے کام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ کبھی کبھی تبدیلیاں ضروری ہوجاتی ہیں۔ 41 سالہ ملر، صدر ٹرمپ کے قریبی معاون ہیں اور فی الحال ڈپٹی چیف آف اسٹاف کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔×

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کیرالم، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں کل شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اِسی دوران، آندھرا پردیش اور لکشدیپ کے ساحلی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ظاہر کیا ہے۔

اِس دوران، دلّی NCR میں ہوا کا معیار بدستور خراب رہے گا۔ دلّی کے مرکزی آلودگی کنٹرول بورڈ کے مطابق، آج صبح سات بجے ہوا کے معیار کا انڈیکس اے کیو آئی 365 درج کیا گیا۔ واضح ہو کہ 301 سے 400 کے درمیان AQI کو بہت خراب زمرے میں، جبکہ 400 سے اوپر AQI کو شدید زمرے میں مانا جاتا ہے۔×

J&K MET Forecast

محکمۂ موسمیات نے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر میں 9 نومبر تک عموماً موسم خشک رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ البتہ 10 نومبر سے بالائی مقامات پر ہلکی بارش اور برفباری کا امکان ظاہر کیا ہے۔

موسم سے متعلق تازہ ترین ایڈوائزری کے مطابق، 10 اور 11 نومبر کو کئی مقامات پر کہیں کہیں ہلکی بارش، جبکہ بالائی مقامات پر ہلکی برفباری کا امکان ہے۔ البتہ 12 نومبر کی شام سے بارش اور برفباری میں شدت آسکتی ہے، جبکہ 14 اور 15 نومبر کو موسم جزوی طور پر ابرآلود رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔×

Cricket Shami Retirement

بھارتی تیز گیند باز محمد شامی نے ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی انہوں نے اپنے 13 برس کے طویل ٹیسٹ کرکٹ کریئر کو الوداع کہہ دیا ہے، حالانکہ وہ محدود اوورس کی کرکٹ میں بھارت کی نمائندگی کرتے رہیں گے۔ اُن کے ٹیسٹ کریئر کا اختتام 64 میچوں میں 229 وکٹ کے ساتھ ہوا۔ اِس دوران، اُن کی متاثر کن اوسط 27 اعشاریہ سات ایک رہی۔ انہوں نے ایک ہی ٹیسٹ میچ میں 6 بار 5 وکٹ حاصل کیے۔×

Rev.Men's Cricket

مردوں کے کرکٹ میں، پانچ یکروزہ میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں آج Wellington میں بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بارش اور گیلے آؤٹ فیلڈ کے سبب میچ شروع ہونے میں تاخیر ہورہی ہے۔ میدان کا جائزہ لیے جانے کے بعد ٹاس کرانے کا فیصلہ کیا گیا اور میچ کو کم کرکے 47 اوورس کردیا گیا ہے۔

بھارت، اِس میچ میں اپنی برتری کو دو-صفر کرنے کی کوشش کرے گا، جبکہ نیوزی لینڈ یہ میچ جیت کر سیریز میں برابری کی کوشش کرے گا۔

اِس سے قبل، آکلینڈ میں بارش سے متاثرہ پہلے یکروزہ میچ میں بھارت نے نیو زیلینڈ پر 5 وکٹ سے جیت درج کی تھی۔ سیریز کا تیسرا یکروزہ میچ 10 نومبر کو Hamilton میں Seddon پارک میں کھیلا جائے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: .....محمد شہزاد

شکریہ - شبانہ بیگم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے بھارتی ریلوے کی جانب سے دیوالی اور چھٹھ سمیت دیگر تہواروں کے دوران خصوصی ٹرینیں چلانے کے فیصلے کو اپنے صفحۂ اول پر اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے ''تہواروں کے دوران ریلوے نے 18 ہزار خصوصی ٹرینوں کا انتظام کیا ہے۔''

اس کے علاوہ انتخابی کمیشن کے ذریعے سات ریاستوں میں مسودہ ووٹر لسٹ میں شامل نہ ہونے والے ووٹروں کو ایک اور موقع فراہم کئے جانے جانے کو بھی اخبارات نے اپنے صفحۂ اول پر نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

مقامی ٹیکنالوجی سے تیار آبدوز شکن جنگی جہاز آمینی کو بھارتی بحریہ کے بیڑے میں شامل کیے جانے کو بھی بیشتر اردو اخبارات نے خاص اہمیت دی ہے۔

ایران کے قومی سلامتی کونسل کے سکریٹری محسن رضائی نے روس کے صدر ولادمیر پتن سے ماسکو میں ملاقات کی۔ اِس خبر کو بین الاقوامی خبروں میں خاص اہمیت دی گئی ہے۔

کھیل کود میں ایشین چمپئنز ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ کے فائنل میں، بھارت کی جاپان پر جیت اور مسلسل تیسری بار خطاب جیتنے کی خبر بھی نمایاں ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت نے مصنوعی ذہانت کیلئے دنیا کی ایپلیکشن راجدھانی بننے پر توجہ دی ہوئی ہے۔

2- بھارت نے 93 ارب 50 کروڑ یورو کے اہم تحقیقاتی پروگرام میں شامل ہونے کے لئے یوروپی یونین کے ساتھ مذاکرات مکمل کرلیے ہیں، جس سے سائنسی اشتراک کو فروغ حاصل ہوگا۔

3- مرکز نے آیوشمان بھارت اسکیموں پر کی گئی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اُس نے کوالٹی حفظانِ صحت کی فراہمی میں وسعت لانے اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو اختیار کرنے کے عمل میں تیزی لانے پر زور دیا ہے۔

4- مقدس شہر ایودھیا میں آج شام دیپ اُتسو کی تیاریاں تیز کردی گئی ہیں۔ 30 لاکھ سے زیادہ مٹی کے دیئے روشن کیے جائیں گے۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن ان تقریب میں شرکت کریں گے۔

5- ریلوے کا محکمہ تہوار کے دنوں میں لوگوں کی زیادہ تعداد کے پیشِ نظر ریل گاڑیوں کا بندوبست کرے گا۔ 18 ہزار خصوصی ریل گاڑیاں چلائی جا رہی ہیں اور AI سے لیس 700 کیمرے سیکیورٹی کے طور پر نصب کیے گئے ہیں۔

6- CBSE نے 2027 کے بورڈ امتحان کی تاریخوں کا اعلان کردیاہے ۔ 10 ویں اور 12 جماعت کے امتحانات 16 فروری سے شروع ہوں گے۔

7- مردوں کی کرکٹ میں ویلنگٹن میں بھارت اور میزبان نیو زیلینڈ کے درمیان دوسرا ODI بارش کی وجہ سے تاخیر سے شروع ہو رہا ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔
